www.islaminurdu.com

اڑتیسویں دعا

# عذر وطلب مغفرت کی دعا

**اَللّٰهُمَّ اِنِّیۤ اَعۡتَذِرُ اِلَیۡکَ مِنۡ مَظۡلُوۡمٍ ظُلِمَ بِحَضۡرَتِیۡ فَلَمۡ اَنۡصُرۡهُ وَ مِنۡ مَعۡرُوۡفٍ اُسۡدِیَ اِلَیَّ فَلَمۡ اَشۡکُرۡهُ وَ مِنۡ مُسِیۡٓءٍ اعۡتَذَرَ اِلَیَّ فَلَمۡ اَعۡذِرۡهُ وَ مِنۡ ذِیۡ فَاقَةٍ سَئَلَنِیۡ فَلَمۡ اُوۡثِرۡهُ وَ مِنۡ حَقِّ ذِیۡ حَقٍّ لَزِمَنِیۡ لِمُؤۡمِنٍ فَلَمۡ اُوَفِّرۡهُ وَ مِنۡ عَیۡبِ مُؤۡمِنٍ ظَهَرَ لِیۡ فَلَمۡ اَسۡتُرۡهُ وَ مِنۡ کُلِّ اِثۡمٍ عَرَضَ لِیۡ فَلَمۡ اَهۡجُرۡهُ اَعۡتَذِرُ اِلَیۡکَ یَا اِلٰهِیۡ مِنۡهُنَّ وَ مِنۡ نَظَآئِرِ هِنَّ اعۡتِذَارَ نَدَامَةٍ یَکُوۡنُ وَاعِظًا لِمَا بَیۡنَ یَدَیَّ مِنۡ اَشۡبَاهِهِنَّ فَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَ اٰلِهٖ وَاجۡعَلۡ نَدَامَتِیۡ عَلٰی مَا وَ قَعۡتُ فِیۡهِ مِنَ الزَّلَاتِ وَ عَزۡمِیۡ عَلٰی تَرۡکِ مَا یَعۡرِضُ لِیۡ مِنَ السَّیِّئَاتِ تَوۡبَةً تُوۡجِبُ لِیۡ مَحَبَّتَکَ یَا مُحِبَّ التَّوَّابِیۡنَ.**

۱۔ بارِالٰہا! میں اس مظلوم کی نسبت جس پر میرے سامنے ظلم کیا گیا ہو اور میں نے اس کی مدد نہ کی ہو اور میرے ساتھ کوئی نیکی کی گئی ہو اور میں نے اس کا شکریہ ادا نہ کیا ہو اور اس بدسلوکی کرنے والے کی بابت جس نے مجھ سے معذرت کی ہو اور میں نے اس کے عذر کو نہ مانا ہو اور اس فاقہ کش کے بارے میں جس نے مجھ سے مانگا ہو اور میں نے اسے ترجیح نہ دی ہو اور اس حقدار مومن کے حق کے متعلق جو میرے ذمہ ہو اور میں نے ادا نہ کیا ہو اور اس مرد مومن کے بارے میں جس کا کوئی عیب مجھ پر ظاہر ہوا ہو اور میں نے اس پر پردہ نہ ڈالا ہو اور ہر اس گناہ سے جس سے مجھے واسطہ پڑا ہو اور میں نے اس سے کنارہ کشی نہ کی ہو، تجھ سے عذر خواہ ہوں۔

۲۔ بار الٰہا! میں ان تمام باتوں سے اور ان جیسی دوسری باتوں سے شرمساری و ندامت کے ساتھ ایسی معذرت کرتا ہوں جو میرے لئے ان جیسی پیش آیندہ چیزوں کے لئے پندونصیحت کرنے والی ہو۔ تو محمد اور ان کی آل پر رحمت نازل فرما اور ان لغزشوں سے جن سے میں دوچار ہوا ہوں میری پشیمانی کو اور پیش آنے والی برائیوں سے دست بردار ہونے کے ارادہ کو ایسی توبہ قرار دے جو میرے لئے تیری محبت کا باعث ہو۔ اے توبہ کرنے والوں کو دوست رکھنے والے۔

urdudua.org